DO NOT OPEN THIS TEST BOOKLET UNTIL YOU ARE ASKED TO DO SO

**Test Booklet Series**

Serial No. 2200

**D**

# SCREENING TEST

## SUBJECT : URDU

## (09)

*Time Allowed :* ***Two Hours***

*Maximum Marks :* ***120***

## INSTRUCTIONS

1. IMMEDIATELY AFTER THE COMMENCEMENT OF THE EXAMINATION, YOU SHOULD CHECK THAT THIS TEST BOOKLET ***DOES NOT*** HAVE ANY UNPRINTED OR TORN OR MISSING PAGES OR ITEMS, ETC. IF SO, GET IT REPLACED BY A COMPLETE TEST BOOKLET.
2. ENCODE CLEARLY THE TEST BOOKLET SERIES **A, B, C** OR **D** AS THE CASE MAY BE IN THE APPROPRIATE PLACE IN THE RESPONSE SHEET.
3. You have to enter your Roll Number on this Test Booklet in the Box provided alongside. *DO NOT* write *anything* else on the Test Booklet.

   Your Roll No. ..............................................................

4. This Booklet contains **120** items (questions). Each item comprises four response (answers). You will select one response which you want to mark on the Respons Sheet. In case you feel that there is more than one correct response, mark the response which you consider the best. In any case, choose *ONLY ONE* response for each item.
5. You have to mark all your responses *ONLY* on the separate Response Sheet provided. See directions in the Response Sheet.
6. All items carry equal marks. Attempt *ALL* items. Your total marks will depend only on the number of correct responses marked by you in the Response Sheet.
7. Before you proceed to mark in the Response Sheet the response to various items in the Test Booklet, you have to fill in some particulars in the Response Sheet as per instructions sent to you with your Admit Card and Instructions.
8. While writing Centre, Subject, and Roll No. on the top of the Response Sheet in appropriate boxes use **"ONLY BALL POINT PEN"**.
9. After you have completed filling in all your response on the Response Sheet and the examination has concluded, you should hand over to the Invigilator only the Response Sheet. You are permitted to take away with you the Test Booklet.

DO NOT OPEN THIS TEST BOOKLET UNTIL YOU ARE ASKED TO DO SO

(For Rough Work)

# Screening Test
## SUBJECT : URDU

(09)

*Time Allowed : Two Hours* | *Max. Marks : 120*

---

1. آتش کس طرح کا مزاج رکھتے تھے ؟
   - (a) امیرانا
   - (b) فقیرانہ
   - (c) عیش پرستانہ
   - (d) آرام طلبی

2. اردو غزل کو فراقؔ گورکھپوری کی دین کیا ہے ؟
   - (a) ہندی روایات اور ہندی الفاظ کا مناسب استعمال
   - (b) مکالماتی اسلوب، محاکات نگاری اور ڈرامائی کیفیت
   - (c) تخیل کی گہرائی جوش و نشاط اور سرمستی
   - (d) فارسی تراکیب تشبیہات اور استعارات کی ندرت

3. قصیدہ لفظ قصد سے مشتق ہے یہ کس زبان کا لفظ ہے ؟
   - (a) ترکی
   - (b) یونانی
   - (c) عربی
   - (d) فارسی

4. قصیدے کے اجزائے ترکیبی میں ان میں سے کون سا جز شامل ہے ؟
   - (a) رخصت
   - (b) گریز
   - (c) چہرہ
   - (d) سراپا

5. دبستانِ گولکنڈہ کا وہ کون شاعر ہے جس نے قصیدے کی روایت کو آگے بڑھایا ؟
   - (a) غواصی
   - (b) محمد قلی قطب شاہ
   - (c) عبداللہ قطب شاہ
   - (d) ابراہیم قطب شاہ

6. ''تضحیک روزگار'' کس قسم کا قصیدہ ہے ؟
   - (a) مدحیہ
   - (b) وعظیہ
   - (c) ہجویہ
   - (d) بیانیہ

7. سوداؔ کو کن شعرا کے برابر سمجھا جاتا ہے ؟
   - (a) غواصی و نصرتی
   - (b) انوریؔ و عرفیؔ
   - (c) مقیمی و شوقی
   - (d) امیرؔ و داغؔ

8. ذوقؔ کی قصیدہ نگاری سے خوش ہو کر اکبر شاہ ثانی نے کیا خطاب دیا تھا ؟
   - (a) خاقانی ہند
   - (b) انوری ہند
   - (c) عرفی ہند
   - (d) طوطی ہند

9. مرثیہ کی صنف کس سے مخصوص ہوگئی ہے ؟

(a) واقعات کربلا کا بیان

(b) حضرت عیسیٰ کے مصلوب ہونے کا بیان

(c) شہادت امیر حمزہ کا بیان

(d) منصور حلاج کا واقعہ

10. مرثیے کے اجزائے ترکیبی میں کون سا جز شامل ہے ؟

(a) مقطع

(b) تشبیب

(c) رجز

(d) گریز

11. مرثیے کے بارے میں یہ مصرع کس نے کہا ؟

''لفظ مغلق نہ ہوں، گنجلک نہ ہوں تعقید نہ ہو''

(a) میر حسن

(b) میر خلیق

(c) مرزا دبیر

(d) میر انیس

12. شبلی نے کس مرثیہ گو کی مرثیہ نگاری کے بارے میں یہ کہا؟

''خیال آفرینی، وقت پسندی، جدت استعارات، اختراعِ تشبیہات شدت مبالغہ ان کی شاعری کی خصوصیات ہیں''

(a) میر انیس

(b) مرزا دبیر

(c) میر ضاحک

(d) میر خلیق

13. عمر گزری ہے اس دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیر کی مداحی میں

کس شاعر نے یہ دعویٰ کیا ؟

(a) میر حسن

(b) میر انیس

(c) مرزا دبیر

(d) وحید اختر

14. ''وہ مسلسل نظم جس کے ہر شعر میں ردیف و قافیہ کی پابندی ہوتی ہے اور ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم ردیف وہم قافیہ ہوتے ہیں اور پوری نظم کا وزن ایک ہوتا ہے'' کون سی صنف ہے ؟

(a) غزل

(b) نظم معرّیٰ

(c) مثنوی

(d) مسدس

15. مثنوی کی خصوصیات میں سے ایک ہے :

(a) رجز

(b) مدح

(c) اختصار

(d) واقعات نگاری

16. اردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے ؟

(a) کدم راؤ پدم راؤ

(b) قطب مشتری

(c) یوسف زلیخا

(d) پھول بن

17. میر حسن کا اصل نام کیا تھا ؟
(a) غلام محمد
(b) غلام حسن
(c) غلام احمد
(d) غلام غوث

18. سحر البیان کا سب سے فعال کردار کون سا ہے ؟
(a) بے نظیر
(b) بدر منیر
(c) ماہ رخ پری
(d) نجم النساء

19. پنڈت دیا شنکر نسیم نے گلزار نسیم کا قصہ کہاں سے اخذ کیا ؟
(a) مذہب عشق
(b) الف لیلہ
(c) حسن و دل
(d) پدماوت

20. مثنوی گلزار نسیم کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے ؟
(a) لکھنوی رنگ
(b) ایجاز و اختصار
(c) طول بیانی
(d) سادگی

21. ''ہاں ایسی کہانی لکھنے کا فائدہ ہی کیا ہے فادر جسے چھوٹتے ہی ہر نتھو خیرا سمجھ جائے'' کس افسانہ نگار کا خیال ہے ؟
(a) سعادت حسن منٹو
(b) راجندر سنگھ بیدی
(c) انتظار حسین
(d) کرشن چندر

22. راہو اور کیتو بیدی کے کس افسانے کے کردار ہیں ؟
(a) کوکھ جلی
(b) اپنے دکھ مجھے دے دو
(c) لاجونتی
(d) گرہن

23. انتظار حسین کی شہرت ان کے اسلوب کی وجہ سے ہے ان کے اسلوب کی نشاندہی کیجیے :
(a) رومانی
(b) تجریدی
(c) داستانی
(d) حقیقت نگاری

24. انتظار حسین کے کس افسانے میں آدمی سے بندر بن جانے کی کشمکش ہے ؟
(a) کچھوے
(b) شہر افسوس
(c) آخری آدمی
(d) زرد کتا

25. پلاٹ، مکالمے اور کردار نگاری کے علاوہ ڈرامے کا اہم جز کیا ہے ؟
(a) موضوع
(b) نظریہ حیات
(c) وحدت تاثر
(d) تصادم یا کشمکش

26. 'کتھارسس' کے کیا معنی ہیں ؟
(a) تسکینِ قلب
(b) تزکیۂ جذبات
(c) احساس مسرت
(d) ضبطِ نفس

27. اردو کے سب سے اہم ڈراما نگار کون ہیں ؟
(a) طالب بنارسی
(b) احسن لکھنوی
(c) بیتاب دہلوی
(d) آغا حشر کاشمیری

28. 'اندر سبھا' کس کا نقش اوّل ہے ؟
(a) تھیٹر
(b) ناٹک
(c) رہس
(d) نوٹنکی

29. انارکلی کے پلاٹ کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ نشان دہی کیجیے ؟
(a) عشق، رقص، موت
(b) پیار، بغاوت، انجام
(c) نظر، سفر، قہر
(d) محبت، جدائی، فرار

30. انارکلی کی موت کی خبر سن کر سلیم کیا کرتا ہے ؟
(a) اکبر اعظم کے خلاف بغاوت
(b) سلطنت چھوڑ دیتا ہے
(c) داروغہ زندان کا قتل
(d) دلارام کا گلا گھونٹ دیتا ہے

31. انارکلی کی بہن کا نام کیا تھا ؟
(a) ثریا
(b) مروارید
(c) عنبر
(d) زعفران

32. منشی سجاد حسین کے اخبار کا نام کیا تھا ؟
(a) اودھ اخبار
(b) اودھ پنچ
(c) اودھ گزٹ
(d) اودھ پتریکا

33. پطرس کا پورا نام کیا تھا ؟
(a) محمد شاہ بخاری
(b) احمد شاہ بخاری
(c) محمود شاہ بخاری
(d) بخاری شاہ

34. ''مضامینِ پطرس'' کے علاوہ پطرس کے مزاحیہ مضامین کے کتنے مجموعے شائع ہوئے ؟

(a) ایک
(b) دو
(c) ایک بھی نہیں
(d) چار

35. رشید احمد صدیقی کے مضامین میں کس جگہ کا ذکر بار بار آتا ہے ؟

(a) لکھنؤ
(b) دہلی
(c) علی گڑھ
(d) بدایوں

36. عربی اور فارسی میں غزل کس صنف کا حصہ تھی ؟

(a) مرثیہ
(b) قصیدہ
(c) مثنوی
(d) نظم

37. غزل کی مقبولیت کی وجوہات کیا ہیں ؟

(a) قافیہ ردیف کی پابندی، داخلیت، عنایت، ایمایت
(b) تمام اشعار کا مربوط ہونا اور ایک مرکزی خیال
(c) واقعات کا دلچسپ بیان
(d) مبالغہ آمیز مدح ، شوکت لفظی

38. خوگر نہیں کچھ یوں ہی ہم ریختہ گوئی کے
معشوق جو تھا اپنا باشندہ دکن کا تھا
میرؔ نے کس کے متعلق یہ شعر کہا ؟

(a) قلیؔ قطب شاہ
(b) وجہیؔ
(c) ولیؔ
(d) سراجؔ

39. میرؔ کے اس شعر کی خوبی کیا ہے ؟
عالم عالم عشق و جنوں ہے دنیا دنیا تہمت ہے
دریا دریا روتا ہوں میں صحرا صحرا وحشت ہے

(a) نازک خیالی
(b) تکرار لفظی
(c) تغزل
(d) معنیٰ آفرینی

40. اصل شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں، پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں
غالبؔ نے اس شعر میں کونسی صنعت استعمال کی ہے؟

(a) اشتقاق
(b) تجنیس
(c) حسن تعلیل
(d) رعایت لفظی

41. ادب لطیف کے نمائندہ لکھنے والے مصنف کا نام کیا تھا ؟

(a) مہدی افادی
(b) محمد حسین آزاد
(c) علی عباس حسینی
(d) مولانا عبدالماجد دریابادی

42. پریم چند نے ترقی پسند مصنفین کی پہلی کل ہند کانفرنس کے خطبہ صدارت میں کیا کہا تھا ؟

(a) ہمارا آرٹ شبابیات کا شیدائی ہو

(b) آزادی کا جذبہ ادب کے لئے زہر ہے

(c) ہماری کسوٹی پر وہ ادب پورا اترے گا جو ہمیں سلائے

(d) ہمیں حسن کا معیار تبدیل کرنا ہوگا

43. جدیدیت کے علم برداروں نے کس بات کی شدید مخالفت کی ؟

(a) داخلیت

(b) نظریاتی وابستگی

(c) عصری حسیت

(d) علامت نگاری

44. اردو کا پہلا ناول نگار کون ہے ؟

(a) رتن ناتھ سرشار

(b) ڈپٹی نذیر احمد

(c) عبدالکریم

(d) عبدالحلیم شرر

45. 'امراؤ جان ادا' کس نوعیت کا ناول ہے ؟

(a) نفسیاتی

(b) تاریخی

(c) اصلاحی

(d) جاسوسی

46. 'گئودان' کا موضوع کیا ہے ؟

(a) بے جوڑ شادی

(b) بیوہ

(c) قومی و سیاسی جدوجہد

(d) کسان کی بے کسی و کسمپرسی

47. گئودان کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(a) کسان

(b) مزدور

(c) اندھا فقیر

(d) زمین دار

48. آگ کا دریا میں کس کو محوری و مرکزی حیثیت حاصل ہے

(a) تاریخ

(b) تہذیب

(c) وقت

(d) انسان

49. آگ کا دریا میں 'دریا' کس کی علامت ہے ؟

(a) زمانہ

(b) قوم

(c) ملک

(d) مذہب

50. آگ کا دریا کے آغاز میں کس شاعر کی نظم ہے ؟
(a) اقبال
(b) ورڈز ورتھ
(c) مولانا روم
(d) ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ

51. ''ایک چادر میلی سی'' کا مرکزی کردار کون ہے ؟
(a) رانو
(b) اندو
(c) ہولی
(d) لاجونتی

52. 'ایک چادر میلی سی' کا موضوع کیا ہے ؟
(a) گھریلو عورت کا طوائف کا روپ اختیار کرنا
(b) عورت کا ایثار و قربانی
(c) شادی شدہ عورت کا اپنی زندگی سے فرار
(d) فسادات میں لٹی ہوئی عورت

53. افسانے کا سب سے اہم جز ہے :
(a) پلاٹ
(b) کردار
(c) تکنیک
(d) وحدتِ تاثر

54. رومانی دبستاں کی نمائندگی کرنے والے افسانہ نگار کون ہیں ؟
(a) راشد الخیری
(b) سلطان حیدر جوش
(c) سجاد حیدر یلدرم
(d) سدرشن

55. ان میں کس افسانہ نگار نے پریم چند کی پیروی کی ؟
(a) مجنوں گورکھپوری
(b) نیاز فتح پوری
(c) ل احمد اکبر آبادی
(d) اعظم کریوی

56. پریم چند کا شاہ کار افسانہ کون سا ہے ؟
(a) عیدگاہ
(b) نمک کا داروغہ
(c) کفن
(d) نجات

57. قحط بنگال کے موضوع پر کرشن چندر نے کون سا افسانہ لکھا تھا ؟
(a) مہالکشمی کا پل
(b) ان داتا
(c) بالکونی
(d) زندگی کے موڑ پر

58. فسادات کے موضوع پر لکھے گئے کرشن چندر کے افسانوں کے مجموعے کا نام کیا ہے ؟
(a) طلسم خیال
(b) نظارے
(c) ٹوٹے ہوئے تارے
(d) ہم وحشی ہیں

59. منٹو کے کس افسانے کا موضوع طوائف نہیں ہے ؟
(a) کالی شلوار
(b) ہتک
(c) کھول دو
(d) سوکینڈل پاور بلب

60. ''سیاہ حاشیے'' کے افسانچوں کا موضوع کیا ہے ؟
(a) طوائف
(b) دلاّل
(c) پاگل پن
(d) فسادات

61. کھڑی بولی کا تعلق کس اپ بھرنش سے ہے ؟
(a) شورسینی
(b) مگدھی
(c) اردمگدھی
(d) مہاراشٹری

62. ان میں کس بولی کا تعلق مغربی ہندی سے نہیں ہے ؟
(a) کھڑی بولی
(b) ہریانوی
(c) برج بھاشا
(d) پہاڑی

63. اردو ہندی کس بولی کے دو ادبی روپ ہیں ؟
(a) برج بھاشا
(b) کھڑی بولی
(c) قنوجی
(d) بندیلی

64. ''اردو کی ابتدا برج بھاشا سے ہوئی'' یہ کس کا نظریہ ہے ؟
(a) محمد حسین آزاد
(b) مولانا سلیمان ندوی
(c) محمود شیرانی
(d) مسعود حسن خاں

65. پنجاب میں اردو کس کی تصنیف ہے ؟
(a) گیان چند
(b) شوکت سبزواری
(c) نصیر الدین ہاشمی
(d) محمود شیرانی

66. امیر خسرو کی مشہور تصنیف کون سی ہے ؟
(a) گنج اسرار
(b) راحت القلوب
(c) خالقِ باری
(d) خوب ترنگ

67. کلمۃ الحقائق کس کی تصنیف ہے ؟
(a) میراں جی شمس العشاق
(b) شاہ امین الدین علی اعلیٰ
(c) شیخ وجیہہ الدین علوی
(d) شاہ برہان الدین جانم

68. نصرتی کی مثنوی کون سی ہے ؟
(a) گلشن عشق
(b) یوسف زلیخا
(c) قطب مشتری
(d) پھول بن

69. اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے ؟
(a) عبداللہ قطب شاہ
(b) محمد قلی قطب شاہ
(c) ابراہیم قطب شاہ
(d) محمد قطب شاہ

70. دکن میں ادبی نثر کا اوّلین نمونہ کون سا ہے ؟
(a) معراج العاشقین
(b) شکار نامہ
(c) سب رس
(d) طوطی نامہ

71. کس دکنی شاعر کا اثر شمالی ہند پر پڑا ؟
(a) سراجؔ
(b) ولیؔ
(c) نصرتی
(d) غواصی

72. ان میں سے کون ایہام گو شاعر نہیں ہے ؟
(a) آبروؔ
(b) ناجیؔ
(c) حاتمؔ
(d) فائزؔ

73. دبستان دلّی کا نمائندہ شاعر کون ہے ؟
(a) مصحفیؔ
(b) آتشؔ
(c) ذوقؔ
(d) ناسخؔ

74. جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیوں ہے
غالبؔ کے اس شعر سے کیا جھلکتا ہے ؟
(a) طنز
(b) تصوف
(c) ظرافت
(d) عشق

75. میرؔ کی شاعری کا نمایاں وصف کیا ہے ؟
(a) سادگی وسلاست
(b) شوخی ورنگینی
(c) مشکل پسندی
(d) تصنع وبناوٹ

76. دبستانِ لکھنؤ کے کن شعراء کے درمیان ادبی معرکے چلتے تھے ؟
(a) انشاو ناسخ
(b) مصحفیؔ و آتش
(c) انشاو مصحفی
(d) آتش وشوق

77. فورٹ ولیم کالج کس سنہ میں قائم ہوا ؟
(a) 1801ء
(b) 1800ء
(c) 1820ء
(d) 1808ء

78. فورٹ ولیم کالج کے قیام کا مقصد کیا تھا ؟

(a) انگریز عہدہ داروں کو اردو سکھانا

(b) فارسی داستانوں کا اردو ترجمہ کرنا

(c) انگریزی ہندوستانی لغت تیار کرنا

(d) ہندوستانیوں کو انگریزی سکھانا

79. اپنے اصلاحی خیالات کی ترویج کے لئے سرسید نے کون سا رسالہ جاری کیا ؟

(a) اودھ پنچ

(b) ہم درد

(c) تہذیب الاخلاق

(d) جامِ جم

80. ان میں سے کون سرسید کے رفقاء میں شامل نہیں ہے ؟

(a) محسن الملک

(b) وقار الملک

(c) چراغ علی

(d) محمد علی جوہر

81. فسانۂ عجائب کیسی داستاں ہے ؟

(a) طبع زاد

(b) گلشنِ نو بہار کا ترجمہ

(c) بوستانِ خیال کا چربہ

(d) الف لیلہ سے ماخوذ

82. خواجہ سگ پرست کس داستاں کا کردار ہے ؟

(a) فسانۂ عجائب

(b) بوستانِ خیال

(c) باغ و بہار

(d) سب رس

83. فسانۂ عجائب میں کس مقام کی تہذیب و معاشرت پیش کی گئی ہے ؟

(a) دلّی

(b) لکھنؤ

(c) قدیم ہندوستان

(d) بغداد

84. داستانوں کے زوال کے کیا اسباب ہیں ؟

(a) انگریزی حکومت کی مخالفت اور امتناع عاید کرنا

(b) انگریزوں کے خلاف سیاسی تحریکوں کا زور

(c) قوم کا علوم مغرب سے واقف ہونا۔ عقل پسندی

(d) اردو لکھنے والے کاتبوں کی کمی

85. تنقید کے ابتدائی نقوش کہاں ملتے ہیں ؟

(a) ملفوظات میں

(b) قدیم شاعری میں

(c) تذکروں اور تقریظوں میں

(d) دبستانِ لکھنؤ میں

86. تنقید کی اولین کتاب کون سی ہے ؟
(a) مقدمہ شعروشاعری
(b) شعرالعجم
(c) مراۃ الشعر
(d) سیرالمصنفین

87. تاثراتی تنقید کے اہم نقاد کون ہیں ؟
(a) احتشام حسین
(b) آل احمد سرور
(c) نیاز فتح پوری
(d) وقار عظیم

88. ان میں سے کون مارکسی نقاد نہیں ہے ؟
(a) شمس الرحمٰن فاروقی
(b) محمد حسن
(c) سردار جعفری
(d) قمر رئیس

89. ان میں سردار جعفری کی کتاب کون سی ہے ؟
(a) ترقی پسند ادب
(b) اردو میں ترقی پسند تحریک
(c) تنقیدی جائزے
(d) ادب اور انقلاب

90. نفسیاتی تنقید پر کس نے اہم کام کیا ؟
(a) احتشام حسین
(b) آل احمد سرور
(c) مجنوں گورکھپوری
(d) شبیہہ الحسن

91. عملی تنقید کے بہترین نمونے کس کے ہاں ملتے ہیں ؟
(a) آل احمد سرور
(b) عزیز احمد
(c) اختر انصاری
(d) اختر حسین رائے پوری

92. اسلوبیاتی تنقید کے اولین نقاد کون ہیں ؟
(a) مرزا خلیل احمد بیگ
(b) مفتی تبسم
(c) مسعود حسین خاں
(d) پروفیسر رشید احمد صدیقی

93. ان میں سے کون سی کتاب کلیم الدین احمد کی ہے ؟
(a) اردو تنقید پر ایک نظر
(b) تنقیدی جائزے
(c) مسرت سے بصیرت تک
(d) داستاں سے افسانے تک

94. گوپی چند نارنگ کی کتاب کون سی ہے ؟
(a) شعر غیر شعر نثر
(b) ادبی تنقید اور اسلوبیات
(c) آواز اور آدمی
(d) تنقیدی نظریات

95. غالبؔ کی عرفیت کیا ہے ؟
(a) اسداللہ بیگ
(b) غالبؔ
(c) مرزا نوشہ
(d) نجم الدولہ دبیر الملک

96. غالبؔ کے خطوط کی سب سے بڑی خوبی :
(a) جیسے دو آدمی آمنے سامنے بیٹھے باتیں کر رہے ہوں
(b) فارسی آمیز عبارت
(c) پر تکلف القاب سے مخاطب کرنا
(d) اس دور کے حالات سے پردہ پوشی

97. غالبؔ نے مکتوب نگاری کے بارے میں کیا دعویٰ کیا ؟
(a) مراسلے کو مکالمہ بنایا
(b) انشائیہ نگاری کو خطوط میں برتا
(c) عربی دانی سے مرعوب کیا
(d) سنجیدگی اور شکوہ الفاظ

98. غبار خاطر کے مکتوبات مولانا نے کس طرح لکھے ؟
(a) لاپرواہی سے وقت گزاری کے لئے لکھا
(b) جو کچھ بھی لکھا احتیاط کی چھلنی میں چھان کر لکھا
(c) شخصی جذبات اور احساسات سے گریز کیا
(d) بے تکلف تحریر لکھی

99. ''غبار خاطر'' کے خطوط کو کیا کہا جاتا ہے ؟
(a) افسانے
(b) ڈرامے
(c) انشایے
(d) شاعری

100. غبار خاطر میں مولانا ابوالکلام نے کون سے پرندوں کی کہانی لکھی ؟
(a) طوطا مینا
(b) کبوتر
(c) مرغ و مرغی
(d) چڑیا چڑے

101. ان میں سے کون مثنوی مرزا شوق لکھنوی کی نہیں ہے ؟
(a) زہر عشق
(b) بہار عشق
(c) فریب عشق
(d) شعلۂ عشق

102. مرزا شوق کی مثنویاں کس دور کی تہذیب پیش کرتی ہیں؟

(a) مغلیہ دور

(b) لکھنؤ کا زوال آمادہ معاشرہ

(c) ہندالمانی تہذیب

(d) ویدک دور

103. جدید نظم کے نشو ونما میں کس ادارے کا نمایاں حصہ ہے؟

(a) دلّی کالج

(b) فورٹ ولیم کالج

(c) انجمن پنجاب

(d) سائنٹفک سوسائٹی

104. انجمن پنجاب کی سرپرستی کس نے کی ؟

(a) گارسیں دتاسی

(b) گل کرسٹ

(c) کرنل ہالرائڈ

(d) لارڈ ولزلی

105. اردو میں نظم معرّیٰ کو رائج کرنے کی کوشش کس نے کی ؟

(a) مولانا شبلی

(b) عبدالحلیم شرر

(c) نظم طباطبائی

(d) سرور جہاں آبادی

106. وہ کون نظم ہے جس میں قافیہ ردیف کی پابندی نہیں ہوتی بحر کی تحدید نہیں اور مصرعے چھوٹے بڑے ہوتے ہیں ؟

(a) آزاد نظم

(b) نظم معرّیٰ

(c) مثنوی

(d) رباعی

107. نثری نظم کے اولین نمونے کس کے ہاں ملتے ہیں ؟

(a) حالؔی

(b) فیض احمد فیضؔ

(c) سید سجاد ظہیر

(d) مخدومؔ

108. ''جستہ جستہ'' کس کی نثری نظموں کا مجموعہ ہے ؟

(a) خورشید الاسلام

(b) سجاد ظہیر

(c) کشور ناہید

(d) محمد علوی

109. نظیر اکبرآبادی نے کس نظم میں دنیا کی بے ثباتی و ناپائیداری کا نقشہ کھینچا ؟

(a) آدمی نامہ

(b) ہولی

(c) بنجارہ نامہ

(d) مفلسی

**110.** ان میں سے کون سی نظم مولانا حالیؔ کی ہے ؟

(a) نشاط امید

(b) صبح امید

(c) شب قدر

(d) خواب امن

**111.** ان میں سے کون سا خطاب جوشؔ سے منسوب نہیں ہے؟

(a) شاعرِ انقلاب

(b) شاعرِ شباب

(c) شاعرِ فطرت

(d) شاعرِ مشرق

**112.** راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

اور بھی غم ہیں زمانے میں محبت کے سوا

یہ فیض احمد فیضؔ کی کس نظم کا شعر ہے ؟

(a) شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں

(b) تنہائی

(c) مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ

(d) موضوعِ سخن

**113.** اختر الایمان کی سب سے مقبول نظم کون سی ہے ؟

(a) ایک لڑکا

(b) قلوپطرہ

(c) پرانی فصیل

(d) مسجد

**114.** ن۔ م۔ راشد کا پورا نام کیا ہے ؟

(a) نور محمد خاں

(b) نذر محمد خاں

(c) نثار محمد

(d) نعیم مرزا

**115.** اختر الایمان کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے ؟

(a) سب رنگ

(b) تاریک سیارہ

(c) آب جو

(d) گرداب

**116.** ان میں سے کون سا مجموعہ فیض احمد فیضؔ کا ہے ؟

(a) سرخ سویرا

(b) دستِ صبا

(c) بنت لمحات

(d) خاکِ دل

**117.** داستاں کی اہم خصوصیات میں سے ایک ہے :

(a) موضوع

(b) کردار نگاری

(c) قصہ در قصہ

(d) مکالمے

**118.** اردو کی پہلی نثری داستاں کون سی ہے ؟

(a) قصہ مہر افروز دلبر

(b) نوطرز مرصع

(c) سب رس

(d) نوآئینِ ہندی

**119.** فورٹ ولیم کالج کی مشہور داستاں کون سی ہے ؟

(a) داستانِ امیر حمزہ

(b) ارائش محفل

(c) مذہبِ عشق

(d) باغ و بہار

**120.** ''میر امن کا نثر میں وہی مرتبہ ہے جو میر تقی میرؔ کا غزل گوئی میں ہے'' کس کا قول ہے؟

(a) محمود شیرانی

(b) ڈاکٹر عبدالحق

(c) گیان چند

(d) سہیل بخاری